# نیشنل بینک آف پاکستان

## اطلاع برائے تہتر واں اجلاس عام

اس نوٹس کے ذریعے اطلاع دی جاتی ہے کہ نیشنل بینک آف پاکستان کا تہترواں سالانہ اجلاس عام بروز بدھ، 30 مارچ، 2022، بمطابق پاکستان اسٹینڈرڈ ٹائم صبح 10:00 بجے ذاتی موجودگی اور الیکٹرانک ذرائع پر منعقد ہوگا۔

حکومت کی جانب سے رائج کردہ ایس او پیز پر سختی سے عمل کرتے ہوئے شیئر ہولڈرز کا اجتماع بال روم۔ پی سی موون پک ہوٹل کلب روڈ، کراچی میں منعقد کیا جائے گا:

**عمومی کارروائی:**

1۔ مورخہ 29 مارچ 2021 کو الیکٹرانک ذرائع سے ہونے والے شیئر ہولڈرز کے اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

2۔ 31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لئے نیشنل بینک آف پاکستان کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں اور نیشنل بینک آف پاکستان اور اس کے ذیلی اداروں کے مجتمع گوشوارے مع ڈائریکٹرز رپورٹ، آڈیٹرز رپورٹ کے ساتھ چیئرمین جائزہ رپورٹ کی وصولی، ان پر غور اور منظوری۔

3۔ 31 دسمبر 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے طے کرنا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 31 دسمبر 2022 کو ختم ہونے والے سال کے بینک آڈیٹرز بننے کے لیے آڈیٹرز میسرز پی ڈبلیوسی۔ اے ایف۔ فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس اور میسرز یوسف عادل، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے۔

4۔ 31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق 1 روپیہ فی شیئر یعنی 10% کی شرح سے کیش ڈیویڈنڈ پر غور اور اس کی منظوری (بینک نیشنلائزیشن ایکٹ 1974 کے سیکشن 17 کے تحت حکومت پاکستان اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی منظوری سے مشروط)۔

**خصوصی کارروائی:**

5۔ بینک کے صدر/سی ای او جناب عارف عثمانی کے معاوضے پر غور اور تین ماہ کی مدت کے لیے منظوری۔ حکومت پاکستان نے اپنے نوٹیفکیشن نمبر F.1(33)Bkg-III/2018-218 مورخہ 14 فروری 2022 کے ذریعے صدر کی مدت میں توسیع کردی ہے۔ یہ توسیع تین مہینوں کے لیے یا کسی باقاعدہ عہدے دار کی تقرری تک، جو بھی پہلے ہو، موجودہ پے پیکیج پر ہے جو کہ 28 مارچ 2019 کو منعقدہ سترویں سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز سے منظور شدہ ہے۔

6۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر کاروباری معاملے پر کارروائی۔

کراچی
مورخہ: 09 مارچ 2022

بحکم بورڈ
Sd/-
سید محمد علی ضامن
سیکریٹری (بورڈ)

**نوٹس:**

بینک کی شیئر ٹرانسفر بکس 24 مارچ 2022 سے 30 مارچ 2022 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ تاہم بینک کے رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99۔ بی، بلاک 'بی' سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (ایس ایم سی ایچ ایس)، مین شارع فیصل، کراچی۔ 74400 کو مورخہ 22 مارچ 2022 تک کاروباری اوقات ختم ہونے سے پہلے وصول ہونے والے ٹرانسفرز کو اجلاس میں شرکت اور کسی بھی دیگر استحقاق کے سلسلے میں بروقت تصور کیا جائے گا۔

1۔ سالانہ اجلاس عام کی میٹنگ میں شرکت

کووڈ۔19 کی عالمی وبا کی صورتحال کے پیش نظر سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") کے جاری کردہ سرکلر نمبر 4 آف 2021 مورخہ 15 فروری 2021 اور لیٹر نمبر ایس ایم ڈی/ ایس ای/2(20)/2021/117 مورخہ 15 دسمبر 2021 میں دی گئی متعلقہ ہدایات اور رہنما اصولوں کے مطابق ممبرز کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ سالانہ اجلاس عام میں لسٹڈ کمپنی کی طرف سے فراہم کردہ الیکٹرانک سہولت کے ذریعے شریک ہوں۔

**الف) اجلاس میں بذریعہ الیکٹرانک ذرائع شرکت**

سالانہ اجلاس عام میں الیکٹرانک سہولت کے ذریعے شرکت کرنے والے ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ مورخہ 29 مارچ 2022 بوقت 05:00 بجے شام تک CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کی ای میل cdcsr@cdcsrsl.com پر خود کو رجسٹرڈ کروالیں اور ان سے التماس ہے کہ وہ مندرجہ ذیل فارمیٹ پر انفارمیشن مہیا کریں:

| نمبر شمار | فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر | شیئر ہولڈر کا نام | قومی شناختی کارڈ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| | | | | | |

الیکٹرانک سہولت کی تفصیلات ممبران کی طرف سے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر فراہم کردی جائیں گی۔ مورخہ 30 مارچ 2022 کو لاگ ان سہولت صبح 09:30 بجے کھول دی جائے گی تاکہ شرکاء اجلاس شروع ہونے کے مقررہ وقت 10:00 بجے سے پہلے پہچان اور تصدیق کے عمل سے گزر کر اجلاس میں شریک ہوسکیں۔

**ب) اجلاس میں ذاتی طور پر شرکت:**

بال روم۔ پی سی موون پک ہوٹل کلب روڈ، کراچی میں شیئر ہولڈرز کے لئے روبرو اجتماع کے انتظامات کئے گئے ہیں۔

**پ) پراکسیز کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنا:**

1) تمام ممبران جو کہ سالانہ اجلاس میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں۔ کسی بھی دوسرے ممبر کو تحریری طور پر پراکسی مقرر کرسکتے ہیں۔ ایک قانونی ادارہ رکن ہونے کے ناطے کسی بھی فرد کی حیثیت سے قطع نظر، خواہ وہ ممبر ہو یا نہیں، پراکسی کے طور پر تقرری کرسکتا ہے۔

2) پراکسی انسٹرومنٹ ہر لحاظ سے مکمل ہونا ضروری ہے اور موثر ہونے کے لئے اجلاس کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل رجسٹرار یا سیکریٹری بورڈ کے دفتر، دوسری منزل، NBP ہیڈ آفس، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی پر جمع کروانا ہوگا۔

3) الیکٹرانک سہولت کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کے لئے پراکسی ہولڈرز کا ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر پراکسی فارم میں ہونا لازمی ہے۔

4) اگر کوئی ممبر کسی ایک میٹنگ کے لئے ایک سے زیادہ ممبرز کو پراکسی مقرر کرتا ہے یا کسی پراکسی کے ایک سے زیادہ انسٹرومنٹس رجسٹرار کے پاس جمع کروائے جاتے ہیں تو پراکسی کے ایسے تمام انسٹرومنٹس کو غلط قرار دیا جائے گا۔

ت) شیئر ہولڈرز کو پراکسی تقرری کے لئے درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا

i) انفرادی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد وضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی جاتی ہیں مندرجہ ذیل تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں:

الف) پراکسی فارم دو افراد کے بطور گواہ دستخط کے ساتھ جمع کروایا جائے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی نمبر فارم میں درج ہوں۔

ب) قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی یا بینیفیشل مالکان اور پراکسی کے پاسپورٹ کی کاپی پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائے گی۔

ii) قانونی ادارے کی صورت میں نامزد شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ اصل یا باضابطہ تصدیق شدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ یا سیکریٹری بورڈ کے دفتر، دوسری منزل، این بی پی ہیڈ آفس، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی میں پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ہوگا۔ (اگر وہ پہلے فراہم نہ کر دیے گئے ہوں)

(پراکسی فارم این بی پی کی ویب سائٹ www.nbp.com.pk پر دستیاب ہے)۔

- ممبران سے گزارش ہے کہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی سے فوری طور پر بینک کے رجسٹرار/شیئر ٹرانسفر ایجنٹ میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

2۔ سی این آئی سی اور آئی بی اے این کی ضرورت:

کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز، 2017 اور ایس آر او 275 (1)/2016 مورخہ 31 مارچ 2016 کو ایس ای سی پی کی طرف سے جاری کردہ تقاضوں کے مطابق، نقد منافع کی ادائیگی صرف ان شیئر ہولڈرز کو کی جائے گی جنہوں نے اپنے CNIC/NICOP/ پاسپورٹ (افراد کے معاملے میں) اور NTN (کارپوریٹ اداروں کے معاملے میں) اور نامزد بین الاقوامی بینک اکاؤنٹ نمبر ("IBAN") کی درست تفصیلات فراہم کی ہیں۔

3۔ ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی:

براہ کرم نوٹ کریں کہ ایف بی آر کی ویب سائٹ پر دستیاب ''ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ'' (ATL) کی بنیاد پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی درج ذیل شرح سے کی جائے گی۔

1۔ فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں ظاہر ہونے والے افراد: 15%

2۔ فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں ظاہر نہ ہونے والے افراد: 30%

مزید برآں، مشترکہ شیئر ہولڈرز کی صورت میں، ان کے تناسب/حصص (اگر کوئی ہے) کے مطابق ٹیکس کاٹ لیا جائے گا۔ بصورت دیگر، ان کی شیئر ہولڈنگ کو مساوی سمجھا جائے گا۔

4۔ الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کے تحت، تمام درج کمپنیوں کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو الیکٹرونک ذرائع کے ذریعے براہ راست شیئر ہولڈرز کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں نقد ڈیویڈنڈ ادا کریں۔

براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں ڈیویڈنڈ وصول کرنے کے لیے فزیکل حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب کیش ڈیویڈنڈ کے الیکٹرانک کریڈٹ کے لیے بینک مینڈیٹ فارم پُر کریں اور اسے CNIC کی کاپی کے ساتھ دستخط شدہ بھیجیں۔ شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس 99۔ بی، بلاک 'بی' سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (ایس ایم سی ایچ ایس)، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔74400۔

سی ڈی سی میں حصص رکھنے کی صورت میں، الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم براہ راست شیئر ہولڈر کے بروکر/شرکت کنندہ/سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز میں جمع کرایا جانا چاہیئے۔ معلومات نہ ملنے کی صورت میں، بینک شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگا۔

5۔ ڈیویڈنڈ پر زکوٰۃ کی کٹوتی:

زکوٰۃ ''زکوٰۃ اور عشر'' قوانین کے تحت حصص کی اداشدہ قیمت کے 2.5% کی شرح سے منافع سے کاٹی جائے گی اور اسے مقررہ مدت کے اندر متعلقہ اتھارٹی کے پاس جمع کرایا جائے گا۔ براہ کرم زکوٰۃ اور عشر آرڈیننس 1980 اور زکوٰۃ (جمع کرنے اور رقم کی واپسی) رولز 1981 کے تحت اپنا زکوٰۃ اعلامیہ فارم (CZ-50) بینک کے شیئر رجسٹرار کو جمع کرائیں۔ حصص یافتگان جو شرکاء/سی ڈی سی کے ساتھ حصص رکھتے ہیں انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ متعلقہ بروکرز/سی ڈی سی کے ذریعے مندرجہ بالا فارم فراہم کریں۔

6۔ غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی شق 244 کے مطابق، بینک کی جانب سے جاری شدہ کوئی بھی شیئرز یا اعلان شدہ منافع منقسمہ جو واجب الادا اور قابل ادائیگی ہونے کی تاریخ سے تین سال کے عرصے تک غیر دعویٰ شدہ/غیر ادا شدہ رہے، تو شیئر ہولڈرز کو اپنا دعویٰ جمع کروانے کا نوٹس جاری کرنے کے بعد، اسے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے پاس جمع کروایا جانا ضروری ہے تاکہ اسے وفاقی حکومت کو منتقل کردیا جائے۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اوپر دیئے گئے پتے پر شیئر رجسٹرار اور بینک کے ایجنٹ کے پاس رکھے گئے غیر دعویٰ شدہ نقد منافع/بونس حصص کے لیے اپنا دعویٰ دائر کریں۔

7۔ سالانہ مالی گوشواروں کی بذریعہ ای میل ترسیل:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی طرف سے بحوالہ 2014 (1) SRO 787 بتاریخ 08 ستمبر 2014 کے مطابق ان شیئر ہولڈرز کو، جو مستقبل میں مالی گوشوارے ڈاک کے بجائے بذریعہ ای میل وصول کرنے کے خواہشمند ہیں، مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ بینک کی ویب سائٹ یعنی www.nbp.com.pk پر موجود درخواست فارم پر اپنی باضابطہ رضامندی مع اپنا درست ای میل ایڈریس لکھ کر اور مذکورہ فارم کو باقاعدہ طور پر بھر کر اور دستخط کر کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ پاسپورٹ کی نقول کے ہمراہ بینک کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کردیں۔ ازراہ کرم ذہن نشین کرلیں کہ سالانہ مالی گوشوارہ ڈاک کے بجائے بذریعہ ای میل وصول کرنا اختیاری ہے۔ اگر آپ اس سہولت سے مستفید نہیں ہونا چاہتے تو اس اطلاع کو نظر انداز کردیں۔ سالانہ مالی گوشوارہ آپ کے رجسٹرڈ پتے پر 30 مارچ 2017 کو ہونے والے اڑسٹھویں سالانہ اجلاس عام میں منظوری کے مطابق بذریعہ سی ڈی ارسال کیا جائے گا۔

8۔ بک انٹری فارم میں فزیکل شیئرز ڈپازٹ/تبدیلی:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے خط نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 No. مورخہ 26 مارچ 2021 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 پر عمل کریں جو کہ تمام موجودہ کمپنیوں سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اپنے جاری کردہ فزیکل حصص کو بک انٹری فارم میں اس طریقے سے تبدیل کریں جیسا کہ بیان کیا گیا ہے اور ("SECP") کی طرف سے مطلع کیا گیا ہے ایکٹ کے نفاذ کردہ تاریخ کے مطابق ہو، لیکن چار سال سے زیادہ نہیں ہونی چاہئے۔ مذکورہ ہدایت پر غور کرتے ہوئے، این بی پی نے ایکٹ کے تقاضوں کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لئے 28 اکتوبر 2021 کو ایک اشتہار بھی شائع کیا گیا ہے اور مشورہ دیا ہے کہ وہ براہ راست سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) یا CDC-Sub کے ساتھ ایک سرمایہ کاری اکاؤنٹ کھول لیں۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے ساتھ رجسٹرڈ TREC ہولڈر میں سے کسی کے ساتھ اکاؤنٹ ان کے فزیکل شیرز کو بک انٹری فارم میں ڈالیں۔ یہ نہ صرف متعلقہ قواعد وضوابط کی تعمیل کو محفوظ بنائے گا بلکہ شیئر ہولڈرز کی استحقاق کی تقسیم کے عمل کو بھی تیز کرے گا۔

9۔ بینک کی ویب سائٹ پر آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی دستیابی:

بینک نے 31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشواروں کے ساتھ آڈیٹرز رپورٹ، ڈائریکٹرز رپورٹ اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ اپنی ویب سائٹ www.nbp.com.pk پر اپ لوڈ کردی ہیں۔

(اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام کے ساتھ خصوصی کاروائی سے متعلق مادی حقائق کا بیان جو کہ سالانہ اجلاس عام میں زیر غور آئے گا ارکان کو ارسال کیا جارہا ہے۔)